گورنر ***KATHY HOCHUL***

فوری ریلیز کے لیے: 21/11/2023

گورنر Hochul نے ون ورلڈ ٹریڈ سینٹر (One World Trade Center) میں بجلی کی بچت کرنے والی 6,500 ایل ای ڈی (LED) لائٹس لگانے کا اعلان کر دیا

نیویارک پاور اتھارٹی (New York Power Authority) نے ایڈم کلیٹن پاول، جونیئر اسٹیٹ آفس بلڈنگ میں تقریباً 1,700 ایل ای ڈی فکسچرز بھی تبدیل کیے

بجلی کی بچت کرنے والے ایل ای ڈی لائٹنگ اپ گریڈز توانائی کا خرچہ بچائیں گی اور مضر اخراج میں کمی کریں گی

گورنر Kathy Hochul نے آج اعلان کیا کہ نیو یارک پاور اتھارٹی (New York Power Authority) اور نیویارک کی پورٹ اتھارٹی (Port Authority of New York) اور نیو جرسی نے ون ورلڈ ٹریڈ سینٹر میں، جو امریکہ کی بلند ترین عمارت ہے، توانائی کی بچت والی ایل ای ڈی لائٹس کی تنصیب مکمل کر لی ہے۔ NYPA نے ہارلیم کے قلب میں واقع ایڈم کلیٹن پاول، جونیئر اسٹیٹ آفس بلڈنگ میں تقریباً 1,700 لائٹس کو توانائی کی بچت کرنے والی ایل ای ڈی لائٹنگ فکسچرز سے تبدیل کرنے کے لیے آفس آف جنرل سروسز (Office of General Services) کے ساتھ بھی شراکت داری کی۔ لائٹنگ میں بہتری کے یہ منصوبے BuildSmart 2025 کی براہ راست حمایت کر رہے ہیں جو NYPA کے زیر انتظام پوری ریاست میں توانائی کی بچت کرنے والا پروگرام ہے اور جس کا مقصد 2025 کے آخر تک ریاستی عمارتوں میں توانائی کے استعمال کو 11 ٹریلین برٹش تھرمل یونٹس تک کم کرنا ہے — جو سڑک سے تقریباً 500,000 کاروں کو ہٹانے کے برابر ہے۔

"ملک کی سب سے مشہور عمارتوں میں سے ایک کی حیثیت سے، ون ورلڈ ٹریڈ سینٹر لوئر مین ہٹن میں ایک اہم تاریخ ساز عمارت ہے اور اسے نیویارک کے توانائی بچانے والے موثر مستقبل کا حصہ ضرور بننا چاہیے،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "اس عالمی شہرت کی حامل عمارت میں لائٹنگ کی بہتریوں کی حمایت کرتے ہوئے، ہم اسکے کاربن فٹ پرنٹ کم کرنے اور آپریٹنگ اور دیکھ بھال کے اخراجات میں کمی لانے میں بھی مدد دیں گے، اور آنے والی کئی دہائیوں تک ون ورلڈ ٹریڈ سینٹر میں توانائی کی بچت کرنے والی جدید ترین کارکردگی بھی یقینی بنائیں گے۔"

2014 میں کھلنے والے ون ورلڈ ٹریڈ سنٹر میں، تقریباً 3$ ملین ڈالر والے منصوبے کے ایک جزو کے طور پر 6,500 سے زیادہ فلوروسینٹ لائٹ فکسچرز کو جدید ترین توانائی بچانے والی ایل ای ڈی لائٹس سے تبدیل کر دیا گیا، جس سے عمارت سے کاربن کے سالانہ اخراج میں تقریباً 130 میٹرک ٹن کی کمی آئے گی اور پورٹ اتھارٹی کو ہر سال توانائی اور دیکھ بھال کے اخراجات میں $64,000 کی بچت ہوگی۔ یہ نئی لائٹیں ٹاور کی راہداریوں، سیڑھیوں، دالانوں اور مکینیکل آلات کے کمروں میں لگائی گئی ہیں، ان کی عمر دس سال ہے، اور وہ پچھلی لائٹوں کے مقابلے میں 60% کم توانائی استعمال کرتی ہیں۔

لائٹنگ کے منصوبے کے لیے پاور اتھارٹی کی جانب سے معاونت جو اپریل 2022میں شروع کی گئی تھی، وہ لوئر مین ہٹن انرجی انڈیپینڈنس انیشیٹو (Lower Manhattan Energy Independence Initiative) سے حاصل ہوئی،

جو کہ 2006 میں ریاست نیو یارک کی جانب سے قائم کیا گیا 25$ ملین کا فنڈ ہے جس سے لوئر مین ہٹن کو توانائی کی بچت کرنے والے منصوبوں کے ساتھ کو مدد فراہم کی جاتی ہے۔

لائٹنگ کا یہ پروجیکٹ September 11 Memorial & Museum کے اندر ایل ای ڈی لائٹیں لگانے کے NYPA-پورٹ اتھارٹی کے 2021 والے اعلان کی تکمیل کر رہا ہے۔

پورٹ اتھارٹی کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر Rick Cotton نے کہا، "2050 تک خالص صفر اخراج حاصل کرنے کے لیے پورٹ اتھارٹی کے جامع روڈ میپ کے جزو کے طور پر، ہماری ایجنسی اس طرح کی توانائی کی بچت کرنے والے اقدامات کے ذریعے اپنی عمارتوں کے کاربن کے اثرات کو ڈرامائی طور پر کم کرنے کے لیے کام کر رہی ہے۔ NYPA کے ساتھ شراکت داری کرکے، ہم مضر اخراج کو کم کرتے ہوئے، اخراجات میں کمی لاتے ہوئے، اور دیکھ بھال کی ضروریات کم کرکے ون ورلڈ ٹریڈ سینٹر کو مزید جدید اور بہتر بنا رہے ہیں۔ ہم اپنی عمارتوں سے مضر اخراج کو ختم کرنے اور سہولیات کو بڑھانے والے مواقع کی نشاندہی اور ان پر عملدرآمد کرنا جاری رکھیں گے۔"

ہارلیم میں واقع ایڈم کلیٹن پاول، جونیئر آفس بلڈنگ میں NYPA نے عمارت کی مرکزی لابی اور غیر دفتری جگہوں میں توانائی کی بچت والی ایل ای ڈی لائٹس کے ساتھ 1,684 اندرونی لائٹ فکسچرز کو تبدیل کیا۔ ان نئی لائٹس میں ذہین زونل لائٹنگ کنٹرولز بھی ہوں گے، جو زیادہ کارکردگی اور کنٹرول کی استعداد دیتے ہیں۔ نئی لائٹس میں ذہین زونل لائٹنگ کنٹرولز بھی ہوں گے، جو زیادہ اچھی کارکردگی اور بہتر کنٹرول والی استعداد دیتے ہیں۔

نیو یارک پاور اتھارٹی کے صدر اور سی ای او Justin E. Driscoll نے کہا، "ہمارے حکومتی صارفین کو ان کے ڈیکاربونائزیشن والے سفر میں مدد دے کر، NYPA ایک صاف ستھری، توانائی کی زیادہ بچت والی ریاست نیویارک بنانے میں مدد کر رہا ہے۔ ایڈم کلیٹن پاول، جونیئر اسٹیٹ آفس بلڈنگ میں جو ہارلیم کی سب سے اونچی عمارت ہے نصب کردہ توانائی بچانے والے لائٹنگ فکسچرز OGS کے سالانہ آپریٹنگ اور دیکھ بھال کے اخراجات میں تقریباً 20,000$ کی بچت کریں گے اور نیویارک کے ملک کے معروف ماحولیاتی ایجنڈے کے اہداف حاصل کرنے میں مدد دیں گے۔"

آفس آف جنرل سروسز کمشنر Jeanette Moy نے کہا، "OGS کو ریاستی عمارتوں کو ڈیکاربونائز کرنے اور گورنر Hochul کے ماحولیات سے متعلق شاندار ایجنڈے کو نافذ کرنے کی ہماری کوششوں میں نیویارک پاور اتھارٹی کے ساتھ اپنی شراکت جاری رکھنے پر فخر ہے۔ ایڈم کلیٹن پاول اسٹیٹ آفس کی عمارت میں ایل ای ڈی فکسچرز کی تنصیب ہماری توانائی کی کارکردگی کو بہتر بناتی ہے، مضر اخراج کو کم کرتی ہے، اور ہمارے عمارتی پورٹ فولیو کی تبدیلی کی جانب ایک اور اہم قدم کی نشاندہی کرتی ہے۔"

تقریباً 1.7 ملین ڈالر کا یہ اپ گریڈ OGS کو سالانہ آپریشن اور دیکھ بھال کے اخراجات میں تقریباً 20,000$ کی بچت دے گا اور کاربن کے اخراج میں سالانہ 30 میٹرک ٹن سے زیادہ کی کمی کرے گا — یعنی اتنی مقدار میں مضر اخراج جو 3,300 گیلن سے زیادہ گیسولین جلانے کے برابر ہے۔ توانائی کی بچت کرنے والے لائٹ فکسچرز کی تنصیب ستمبر 2022 میں شروع کی گئی تھی۔

ایڈم کلیٹن پاول، جونیئر آفس بلڈنگ میں ایل ای ڈی لائٹنگ کی تنصیب توانائی کی بچت کرنے والا وہ تازہ ترین منصوبہ ہے جسے پاور اتھارٹی OGS کے لیے نافذ کیا گیا ہے۔ دسمبر 2013 سے اب تک، NYPA نے ایجنسی کے لیے مجموعی طور پر 75$ ملین سے زیادہ کے 26 منصوبے مکمل کیے ہیں، جن سے کاربن کا سالانہ اخراج تقریباً 12,000 میٹرک ٹن کم ہو گیا ہے — یعنی گیس سے چلنے والی 2,600 سے زیادہ کاروں کو سڑک سے ہٹانے کے برابر ہے۔ مجموعی طور پر، ان منصوبوں سے OGS کو سالانہ توانائی اور دیکھ بھال کے اخراجات میں 4.5$ ملین کی بچت ہوئی ہے۔

NYPA کے کام میں BuildSmart 2025 کے تحت اپنے سرکاری صارفین کو توانائی کی ٹیکنالوجی اور قابل تجدید توانائی کی خدمات کی وسیع اقسام فراہم کرنا شامل ہے، بشمول انرجی آڈٹ، پروجیکٹ انجینئرنگ، ڈیزائن، تنصیب، اور تعمیراتی انتظام۔ NYPA کے ذریعے کئے گئے توانائی کی بچت والے منصوبوں میں اعلی کارکردگی والے لائٹنگ

ریٹروفٹس، موجودگی اور دن کی روشنی کا سراغ لگانے والے لائٹنگ سینسرز، عمارت اور توانائی کی مینیجمنٹ کے سسٹمز، بوائلر، چلرز، ایئر ہینڈلنگ سسٹم، تھرمل اسٹوریج، مائیکرو گرڈز، سولر فوٹوولٹک سسٹم، ڈائجسٹر گیس سسٹم، اور توانائی کی ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجیز شامل ہیں۔

BuildSmart 2025 سنہ 2025 تک عمارتوں میں آن-سائٹ توانائی کی کھپت کو 185 ٹریلین BTUs تک کم کرنے کے ریاست کے مجموعی ہدف کا ایک جزو ہے۔ ریاستی اداروں نے کم و بیش 7.6 ٹریلین BTUs سے زیادہ کی توانائی بچاتے ہوئے 1,200 سے زیادہ توانائی منصوبے نافذ کیے ہیں یا وہ ایسے منصوبے فعال طور پر تیار کر رہے ہیں۔

ریاست نیو یارک میں عمارتیں گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج کے سب سے بڑے ذرائع میں سے ایک ہیں، اور نئی اور موجودہ عمارتوں میں توانائی کی کارکردگی اور برق کاری کے اقدامات کو مربوط کرنے سے کاربن کی آلودگی میں کمی آئے گی اور ریاست کے زیرِ انتظام مزید پائیدار، صحت مند، اور آرام دہ عمارتوں کے حصول میں مدد ملے گی جس سے سنہ 2030 تک ریاست کا 2 ملین ماحول دوست گھروں کا ہدف حاصل ہو سکے گا۔ ریاست نیو یارک کی انرجی ریسرچ اینڈ ڈیولپمنٹ اتھارٹی (Energy Research and Development Authority)، پاور اتھارٹی (Power Authority) اور یوٹیلیٹی پروگرامز کے ذریعے ریاست کے ڈی کاربنائزیشن کے اہداف حاصل کرنے کی خاطر عمارتوں کو ڈیکاربونائز کرنے کے لیے 6.8$ بلین سے زیادہ کی سرمایہ کاری کی جا رہی ہے۔ عمارات میں توانائی کے مؤثر استعمال اور آن سائٹ اسٹوریج، قابل تجدید ذرائع، اور پوری ریاست میں بجلی سے چلنے والی گاڑیوں کے چارجنگ آلات کو بہتر بناتے ہوئے، ریاست اپنی کاربن کی آلودگی کو کم کرے گی اور 2025 تک آن-سائٹ توانائی کی کھپت کو 185 ٹریلن Btus تک کم کرنے کا ہدف حاصل کرے گی، جو 1.8 ملین گھروں کو بجلی فراہم کرنے کے برابر ہے۔ توانائی کی بچت نیو یارک میں صاف توانائی سے متعلقہ 75 فیصد جابز کا احاطہ کرتی ہے۔

ریاست نیویارک کے پائیداری کے اہداف کے مطابق، نیویارک کلائمیٹ ویک 2023 (New York Climate Week 2023) کے دوران پورٹ اتھارٹی نے ایک جامع منصوبے کا اعلان کیا تھا جو 40 سے زیادہ اقدامات پر مشتمل ہے اور جنکا مقصد مضر اخراج میں کمی کے اپنے قریب المیعاد اہداف اور سنہ 2050 تک نیٹ-زیرو کاربن اخراج دونوں اہداف حاصل کرنا ہے۔ یہ دو ریاستی ایجنسی امریکی ٹرانسپورٹیشن ایجنسیوں میں منفرد ہے جو نہ صرف اپنے براہ راست اخراج کو ختم کرنے کے اپنے عہد کے ذریعے بلکہ اپنے آپریشنل ٹھیکیداروں کے ساتھ کام کرنے والے خالص صفر کاربن کے اخراج کے اہداف کو بھی معاونت فراہم کر رہی ہے - بشمول ایئر لائنز، شپنگ کمپنیاں، کنٹینر ٹرمینل آپریٹرز اور علاقائی بس کیریئرز۔ ایجنسی کا نیٹ-زیرو روڈ میپ ان درجنوں اقدامات کی تفصیلات بتاتا ہے جو یہ ایجنسی مضر اخراج کو کم کرنے میں ان شراکت داروں کی مدد کرنے کے لیے اٹھائے گی جس سے ایجنسی کے معاہدوں میں شامل کردہ بینچ مارکس پورے ہو جائیں گے۔ ان اقدامات میں ایجنسی کے بس اڈوں کو صفر کے اخراج والی بسوں پر منتقلی کے عمل کو کافی حد تک آسان کرنا، ہوائی اڈوں پر پائیدار جیٹ ایندھن کی منتقلی میں معاونت کرنا، اور اپنے پورٹ کے کنٹینر ٹرمینلز پر ماحولیات کے حوالے سے ہوشمندانہ کارروائیوں میں سہولت فراہم کرنا شامل ہے۔

رکن اسمبلی Charles D. Fall نے کہا، "ون ورلڈ ٹریڈ سینٹر میں لائٹنگ کو اپ گریڈ کرنے کا آج کا اعلان، جہاں 6,500 سے زیادہ فلورسنٹ لائٹوں کو ایل ای ڈی لائٹوں سے تبدیل کیا گیا، توانائی کی بچت اور پائیداری کی منزل کی جانب نیویارک کے سفر میں ایک اہم قدم کی نشاندہی کر رہا ہے۔ تقریباً 3$ ملین ڈالر کی یہ سرمایہ کاری، جو NYPA کے BuildSmart 2025 اقدام کا حصہ ہے، نہ صرف مشہور و معروف اسکائی لائن میں اضافہ کر رہی ہے بلکہ توانائی اور دیکھ بھال کے اخراجات میں تقریباً 64,000$ کی سالانہ بچت کا وعدہ بھی کر رہی ہے۔ یہ ایک روشن مثال ہے کہ اسٹریٹجک، ماحول دوست سرمایہ کاریاں کس طرح کافی طویل المدتی فوائد کا باعث بن سکتی ہیں۔ میں نیویارک پاور اتھارٹی کا معترف ہوں جنھوں نے پورٹ اتھارٹی کے ساتھ مل کر کام کرتے ہوئے اس سمارٹ پروجیکٹ پر کام کیا، جس سے پیسوں کی بچت کرتے ہوئے مضر اخراج کم کیا جائے گا اور ہمیں کلائمیٹ لیڈرشپ اینڈ کمیونٹی پروٹیکشن ایکٹ (Climate Leadership and Community Protection Act) کے اہداف حاصل کرنے کی راہ پر آگے لے جائے گا۔"

رکن اسمبلی Inez Dickens نے کہا، "توانائی کی بچت والی کارکردگی کو بہتر بنانے کے لیے ہم جو کچھ بھی کرتے ہیں وہ ہمیں فوسل ایندھن پر انحصار ختم کرنے کے اپنے ہدف کے ایک اور قدم قریب لاتا ہے۔ نیویارک پاور اتھارٹی کی جانب سے آفس آف جنرل سروسز (Office of General Services) کے ساتھ شراکت داری میں کی گئی یہ سمارٹ سرمایہ کاری ایڈم کلیٹن پاول، جونیئر اسٹیٹ آفس بلڈنگ میں توانائی کی بچت والی ایل ای ڈیز لگا کر ایک پرانے لائٹنگ سسٹم کو اپ گریڈ کر رہی ہے۔ جب آنے والی نسلوں کے لیے ہوا کو صاف کرنے کی ہو، تو ہم ایک طویل مدتی مالی بچت دیکھنے کے ساتھ یہ امر بھی یقینی بنا رہے ہیں کہ اس شعبے میں نیویارک ریاست کی قیادت جاری و ساری رہے گی۔"

ریاست نیویارک کا ملک میں پہلا موسمیاتی منصوبہ

ریاست نیو یارک کے قومی سطح کے ماحولیاتی ایجنڈا میں ایک منظم اور منصفانہ منتقلی کا مطالبہ کیا گیا ہے جو گھرانوں کے لیے پائیدار ملازمتیں پیدا کرے، تمام شعبوں میں سرسبز معیشت کو فروغ دے، اور اس بات کو یقینی بنائے کہ صاف توانائی کی سرمایہ کاریوں کی مراعات کے 40 فیصد ہدف کے ساتھ، کم از کم 35 فیصد پسماندہ کمیونٹیز کے لیے دستیاب بنائی جائیں۔ موسمیاتی اور صاف توانائی سے متعلق ملک کے بعض انتہائی پُرعزم اقدامات سے رہنمائی حاصل کرتے ہوئے نیویارک 2040 تک کاربن کے صفر اخراج والے بجلی کے شعبے کے حصول کی راہ پر گامزن ہے، جس میں 2030 تک 70 فیصد قابلِ تجدید توانائی کی پیداوار، اور وسط صدی تک معیشت کو کاربن سے پاک کرنے جیسے اقدامات شامل ہیں۔ نیو یارک کی جانب سے صاف توانائی پر بے مثال سرمایہ کاری کرنا اس تبدیلی کا ایک کلیدی سنگِ بنیاد ہے، جس میں پوری ریاست میں بڑے پیمانے والے 145 قابلِ تجدید اور ٹرانسمیشن پروجیکٹس میں 55$ بلین سے زائد، عمارتوں سے ہونے والے مضر اخراجوں کو کم کرنے کے لیے 6.8$ بلین، شمسی توانائی کا حجم بڑھانے کے لیے 3.3$ بلین، صاف نقل و حمل والے اقدامات کے لیے 1$ بلین سے زائد، اور NY گرین بینک کے وعدوں کی مد میں 2$ بلین سے زیادہ کی سرمایہ کاریاں شامل ہیں۔ یہ اور دیگر سرمایہ کاریاں سال 2021 میں نیو یارک کے صاف توانائی کے شعبے میں 165,000 سے زائد ملازمتوں کی معاونت کر رہی ہیں اور سال 2011 کے بعد سے تقسیم شدہ شمسی شعبے میں 3,000 فیصد سے زیادہ کی ترقی لا رہی ہیں۔ گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج میں کمی اور ہوا کے معیار کو بہتر بنانے کے لیے، نیو یارک نے صفر اخراج کرنے والی گاڑیوں کے ضابطے بھی بنائے ہیں، جن کے تحت 2035 تک پابند بنایا جائے گا کہ ریاست میں فروخت کی جانے والی تمام نئی مسافر گاڑیاں اور لائٹ ڈیوٹی ٹرکس صفر اخراج کرتے ہوں۔ تقریباً 400 رجسٹرڈ اور 100 مصدقہ موسمیاتی سمارٹ کمیونٹیز، تقریباً 500 صاف توانائی والی کمیونٹیز، اور پوری ریاست میں 10 غریب و پسماندہ کمیونٹیز میں فضائی آلودگی کی نگرانی کرنے اور اسے بتدریج ختم کرنے والی ریاست کی سب سے بڑی کمیونٹی پہل کاریوں کے ذریعے نیو یارک کے ماحولیاتی اقدامات میں مزید تیزی لانے کے لیے شراکت داریاں کی جا رہی ہیں، تاکہ فضائی آلودگی اور موسمیاتی تبدیلیوں کا مقابلہ کرنے والے اپنے اہداف کے حصول میں مدد مل سکے۔

NYPA کے متعلق

NYPA ملک میں کسی ریاست کا بجلی کا سب سے بڑا ادارہ ہے، جو 16 پیداواری تنصیبات اور 1,400 سرکٹ میل سے زائد ترسیلی لائنیں چلاتا ہے۔ NYPA جو بجلی پیدا کرتا ہے اس کا 80 فیصد سے زیادہ صاف قابلِ تجدید پن بجلی ہے۔ NYPA ٹیکس کی رقم یا ریاستی کریڈٹ استعمال نہیں کرتا ہے۔ یہ بانڈز کی فروخت اور بجلی کی فروخت کے ذریعے بڑے حصے میں حاصل ہونے والی آمدنی کے ذریعے اپنے کاموں کو مالی اعانت فراہم کرتا ہے۔ مزید معلومات کے لیے www.nypa.gov ملاحظہ کریں اور Twitter@NYPAenergy، فیس بُک، انسٹاگرام،ٹمبلر اورلنکڈان پر ہمیں فالو کریں۔

پورٹ اتھارٹی آف نیو یارک اینڈ نیو جرسی (Port Authority of New York and New Jersey) کے بارے میں

پورٹ اتھارٹی آف نیو یارک اینڈ نیو جرسی ایک دو ریاستی ایجنسی ہے جو ملک میں نقل و حمل اور تجارتی بنیادی ڈھانچے کے بہت سے اہم اثاثے تعمیر کرتی ہے، انہیں آپریٹ کرتی ہے، اور ان کی دیکھ بھال کرتی ہے۔ ایک صدی سے زیادہ عرصے سے ایجنسی کا بڑے ہوائی اڈوں؛ اہم ترین پلوں، سرنگیو اور بس ٹرمینلز؛ مسافر ریل لائن؛ اور مشرقی ساحل پر سب سے مصروف ترین بندرگاہ کا نیٹ ورک ملک میں سب سے زیادہ اہم نیٹ ورک رہا ہے – جو لاکھوں افراد کو آمد و رفت کی سہولیات فراہم کرتا ہے اور ضروری ساز و سامان کو خطے کے اندر اور اس سے باہر منتقل کرتا ہے۔ پورٹ اتھارٹی 16 ایکڑوں پر محیط ورلڈ ٹریڈ سینٹر (World Trade Center) کیمپس کی

مالک ہے اور اس کا نظم و نسق بھی سنبھالتی کرتی ہے، جو دسیوں ہزار دفتری کارکنوں اور ہر سال لاکھوں سیاحوں کا خیرمقدم کرتا ہے۔ ایجنسی کے تاریخی 37$ بلین 10 سالہ کیپیٹل منصوبے میں خطے کے تین بڑے ہوائی اڈوں – لا گارڈیا، نیوارک لبرٹی اور جے ایف کے – میں بے مثال اور انقلابی تبدیلیاں لانے کے ساتھ ساتھ دیگر نئے اور اپ گریڈ شدہ اثاثوں کی ایک طویل فہرست شامل ہے، بشمول 90 سالہ پرانے جارج واشنگٹن پُل کی 2$ بلین سے کی گئی تزئین و آرائش۔ پورٹ اتھارٹی کے 8$ بلین ڈالر والے سالانہ بجٹ میں نیو یارک یا نیو جرسی کی ریاستوں یا نیو یارک شہر سے کوئی ٹیکس ریونیوز شامل نہیں ہیں۔ ایجنسی بنیادی طور پر اپنے کریڈٹ کے ذریعے ہی اپنی عمارتوں اور سہولیات کی بہتری اور تعمیر کرواتی ہے یا انکے حصول کے لیے ضروری فنڈز اکٹھے کرتی ہے۔ مزید معلومات کے لیےwww.panynj.gov کا دورہ کریں، یا *Now Arriving* بلاگ ملاحظہ کریں۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418